# قرض کی مشکلات سے نبرد آزمائی

قرضوں کے حوالے سے مفت اور
غیر جانب دارانہ
مشاورت حاصل کرنے کے لیے آپ
کی گائیڈ

StepChange Debt Charity Scotland

# قرضوں کے حوالے سے مفت اور غیر جانب دارانہ مشاورت

ہم StepChange Debt Charity Scotland ہیں، اور ہمارا مقصد قرض سے پاک معاشرے کو فروغ دینا ہے۔

30 سال سے زائد عرصے سے، ہم ہزاروں لوگوں کو ان کے قرضوں کی مشکلات سے نمٹنے میں مدد کر رہے ہیں۔ ہم یہ کام مفت، غیرجانب دارانہ مدد اور مشاورت کی پیشکش کر کے، اور اپنے کلائنٹس کو دوبارہ قدم جمانے میں تعاون کر کے انجام دیتے ہیں۔ سکاٹ لینڈ میں مقیم کلائنٹس کے لیے، ہمارے پاس گلاسگو میں تعینات ایک پُرعزم ٹیم موجود ہے۔



## ہم مدد کر سکتے ہیں

ہم اس تناؤ سے بخوبی واقف ہیں جو مقروض افراد کی زندگیوں کو متاثر کرتا ہے۔ یہ بہت زیادہ تناؤ اور بے خوابی کا سبب بن سکتا ہے۔ ہم ایسی ہی صورت حال میں مدد کرنے کے لیے حاضر ہوتے ہیں۔

**قرض ناگزیر ہے، تو آئیے مل کر اس کی مشکلات سے نمٹنے کے لیے مل کر کوشش کریں۔**

24/7 دستیاب www.stepchange.org/scotland پر فوری طور پر آن لائن مشورہ حاصل کریں یا ہمیں **0800 138 1111**

# ایک مرحلہ وار گائیڈ

یہ گائیڈ قرض کی انتباہی علامات کی نشان دہی کرنے، بجٹ بنانے کے ساتھ ساتھ یہ سمجھنے میں آپ کی مدد کرے گی کہ کون سے قرضوں کی ادائیگی پہلے کرنی ہے، نیز قرض سے نجات کے لیے دستیاب اختیارات دریافت کرنے میں مددگار ہو گی۔

## اس گائیڈ میں کیا شامل ہے؟


صفحہ 12: اپنی ترجیحات کا تعین کرنا

صفحہ 13: اپنے پیسوں کا بہترین مصرف تلاش کرنا

صفحہ 14: حل کی اقسام

صفحہ 23: مدد کی دیگر اقسام

صفحہ 4: قرض کی انتباہی علامات

صفحہ 5: مدد جلد حاصل کریں

صفحہ 6: مدد کہاں سے حاصل کی جائے

صفحہ 7: ہنگامی مدد

صفحہ 8: قرض کے مشورے سے کیا مراد ہے؟

صفحہ 9: بجٹ ترتیب دینا


یہ گائیڈ پولش، پنجابی اور اردو میں، اور ایک ویڈیو کے طور پر بھی دستیاب ہے۔

ان تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، کوڈ کو اسکین کریں

یا www.stepchange.org/scotland-guide

# قرض کی انتباہی علامات کیا ہوتی ہیں؟

یہ سمجھنے میں کافی وقت لگ سکتا ہے کہ آپ کا قرض ایک مسئلہ ہے۔ مدد کے حصول میں تاخیر کی بے شمار وجوہات ہو سکتی ہیں، اور یہ واقعی پریشان کن ہو سکتا ہے۔ تاہم، آپ کی قرض کی مشکلات سے نمٹنے کے لیے پہلا اہم اقدام مدد کی ضرورت کو تسلیم کرنا ہے۔

**اگر آپ ان علامات میں سے کسی کا سامنا کرتے ہیں، تو یہ مشورہ حاصل کرنے کا وقت ہو سکتا ہے:**

- بنیادی گھریلو بلوں، جیسے رہن یا کرائے کی ادائیگیوں کے انتظام میں مشکل آنا یا تاخیر کا سامنا کرنا۔
- تنخواہ کے دن تک یا اپنی مراعات موصول ہونے تک ضروریات کو پورا کرنے کے لیے پیسے ادھار لینا۔
- اپنے قرضوں کی نہایت معمولی رقم چُکانا۔
- ادائیگیوں میں تاخیر یا اوور ڈرافٹ چارجز کا سامنا کرنا۔
- عدالتی کارروائیوں کا سامنا کرنا۔
- بے چینی، اضطراب یا مایوسی کا احساس۔
- اپنے پیاروں سے مالی معاملات کی مشکلات کو چھپانا۔

# مدد جلد حاصل کریں

ہم سمجھتے ہیں کہ یہ مشکل لگ سکتا ہے، لیکن ہم سے جلد از جلد رابطہ کرنے سے آپ کو دستیاب اضافی اختیارات تک باآسانی رسائی مل سکتی ہے۔

**مفت، غیرجانب دارانہ مشورہ لینے میں کوئی خطرہ نہیں ہوتا اور اس سے آپ کی کریڈٹ فائل پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔**

## قرض کے حوالے سے مشورہ کیوں حاصل کریں؟

- یہ مکمل طور پر رازداری پر مبنی ہے۔
- اس میں اختیارات موجود ہیں۔ آپ یہ آن لائن، فون پر، یا بالمشافہ مل کر انجام دے سکتے ہیں۔
- یہ بوجھ کو کم کر سکتا ہے اور آپ کے مالی معاملات کو معمول پر لانے میں مددگار ہو سکتا ہے۔

"StepChange کی مدد کی بدولت مجھے اب قرض کے بوجھ سے نجات مل گئی ہے۔"

**Alannah, Elgin**

"ہم نے محسوس کیا کہ StepChange کو حقیقی طور پر ہمارے بہترین مفادات کی پرواہ ہے، اس لیے ان سے بات چیت کر کے کافی سکون ملا۔"

**Steve, Pittenweem**

# مدد کہاں سے حاصل کی جائے

قرض کے حوالے سے مشورہ آپ کو بہترین طریقہ کار کا تعین کرنے میں مدد دے سکتا ہے، قطع نظر اس کے کہ آپ کتنے عرصے سے جدوجہد کر رہے ہیں یا آپ کو کوئی عارضی مسئلہ درپیش ہے۔

شروع کرنے کے لیے بہترین جگہ ایسی تنظیم تلاش کرنا ہے جو غیر جانب دارانہ، مفت مشورہ فراہم کرتی ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مدد حاصل کرنے کے لیے آپ کو کچھ بھی خرچ نہیں کرنا پڑے گا۔

اگر آپ کی مادری زبان انگریزی کے علاوہ کوئی اور ہے، تو مدد طلب کرنے سے بالکل نہ گھبرائیں۔ آپ کسی مشیر سے بات چیت کرنے کے لیے کسی دوست یا خاندان کے کسی فرد کی مدد لے سکتے ہیں۔

**StepChange مفت، غیر جانب دارانہ مشورہ فراہم کرتا ہے، اور آپ /www.stepchange.org scotland پر فوری طور پر آن لائن شروعات کر سکتے ہیں۔ یہاں تک کہ اگر آپ آن لائن عمل شروع کرنے کا انتخاب کرتے ہیں، تب بھی آپ ہمارے ماہر مشیروں سے بذریعہ فون مدد حاصل کر سکیں گے۔**

**آپ اپنے مقامی سٹیزن ایڈوائس، کاؤنسل یا ہاؤسنگ ایسوسی ایشن اور کرسچنز اگینسٹ پاورٹی (Christians Against Poverty) سے بھی مفت مشورہ حاصل کر سکتے ہیں۔**

آن لائن محفوظ رہیں اور جعلی کاروباری کالوں سے ہوشیار رہیں۔ کچھ کمپنیاں آپ کی ذاتی معلومات چُرانے کے لیے قرض کی مشیر ہونے کا دکھاوا کرتی ہیں۔ وہ آپ سے مشورہ اور مدد کے لیے رقم کا مطالبہ بھی کر سکتی ہیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ جس تنظیم سے بات کر رہے ہیں وہ قابلِ اعتماد ہے۔ آپ یہ کام آن لائن 'FCA رجسٹر' تلاش کر کے اور یہ چیک کر کے کرَ سکتے ہیں کہ وہ ایک ایسی کمپنی کے طور پر درج ہے جو قرض کے حوالے سے مشورہ فراہم کرتی ہے۔

# کیا آپ کو ہنگامی مدد کی ضرورت ہے؟

## اگرچہ قرض کا حل آپ کے طویل مدتی مالی استحکام کے لیے فائدہ مند ہو سکتا ہے،
## لیکن اگر آپ کو ابھی مدد کی ضرورت ہو تو کیا ہو گا؟

کیا ان جملوں میں سے کوئی بھی آپ کی صورت حال سے مناسبت رکھتا ہے؟ اگر ایسا ہے، تو آپ ہنگامی مدد سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

"مجھے خوراک اور بلوں کی ادائیگی کے لیے پیسوں کی ضرورت ہے۔"

"میں اپنا کرایہ ادا نہیں کر سکتا۔"

# مدد کہاں سے حاصل کی جائے

**فوڈ بینکس:**
وہ کھانے کے پارسلز اور گھریلو اشیاء جیسے صفائی کا ساز و سامان، بیت الخلا کی صفائی سے متعلق چیزیں یا نیپیز فراہم کرتے ہیں۔

**ٹرسٹ فنڈز:**
یہ وہ معمولی مالی امداد ہوتی ہیں جن کا مقصد توانائی کے بلوں جیسے اخراجات کی ادائیگی میں مدد کرنا ہے۔ ایک بار پھر، آپ کو رقم واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

**کریڈٹ کی یونینز:**
یہ ممبرز کو قرض کی پیشکش کر سکتی ہیں۔ اگر آپ پہلے سے ممبر نہیں ہیں، تو ممبر بننے کے لیے درخواست دیں۔

**سکاٹش ویلفیئر فنڈ:**
یہ کاؤنسلز کی جانب سے فراہم کیا جانے والا وہ فنڈ ہے، جو ان لوگوں کو معاونت فراہم کرتا ہے جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کو رقم واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

ہنگامی مدد کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے، کوڈ اسکین کریں یا www.stepchange.org/emergency

# قرض کے مشورے سے کیا مراد ہے؟

جب آپ قرض کے بوجھ تلے دبے ہوتے ہیں تو پیچھے ہٹنا اور چیزوں کو واضح طور پر دیکھنا مشکل ہوسکتا ہے۔ یہی وہ وقت ہے جب قرض کے حوالے سے مفت اور غیر جانب دارانہ مشورہ مل سکتا ہے۔ چاہے یہ آن لائن ہو، بالمشافہ ہو یا فون پر، قرض سے متعلقہ مشیر آپ کی صورت حال کا جائزہ لے گا اور آپ کے لیے معمول پر واپس آنے کا بہترین طریقہ تلاش کرے گا۔

## قانونی مہلت

قانونی مہلت سے مراد وقت کا وہ دورانیہ ہے جس میں کسی سرگرمی کی اجازت نہیں ہوتی۔ قرضوں کے لیے، اس سے مراد ہے کہ آپ چھ ماہ تک کسی بھی عدالتی کارروائی سے محفوظ ہوتے ہیں۔ اس سے آپ کو مشورہ اور مدد حاصل کرنے کا وقت ملتا ہے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو اس رقم کی ادائیگی کے لیے عدالت میں لے جایا جا سکتا ہے جو آپ پر واجب الاداء ہے تو آپ قانونی مہلت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

قرضوں کے مشورے کے متعلق فوری ویڈیو کے لیے اس کوڈ کو اسکین کریں

قرض کے مفت مشورے کے حوالے سے
درج ذیل توقعات وابستہ کی جا سکتی ہیں:

- بجٹ ترتیب دینے کے سلسلے میں مدد کرنا۔
- اپنے اخراجات کو کم کرنے اور اپنی آمدنی بڑھانے کے طریقے تلاش کرنا۔
- اس بات کی وضاحت کرنا کہ قرض کے کون سے حل آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔
- یہ جاننا کہ کون سے قرضوں کی ادائیگی زیادہ ضروری ہے - انہیں پہلی فرصت میں نبٹانا ضروری ہے۔
- اس بارے میں جاننا کہ اگر آپ اپنے قرضوں کی ادائیگی نہیں کریں تو کیا ہوتا ہے۔

# بجٹ ترتیب دینا

بجٹ آپ کی ماہانہ آمدن اور ان تمام چیزوں کی فہرست ہے جن پر آپ ہر ماہ اپنا پیسہ خرچ کرتے ہیں۔ یہ ان چیزوں کی نشان دہی کرنے کا بہترین طریقہ ہے جہاں آپ اخراجات کو کم کر سکتے ہیں۔ اور یہ آپ کو غیر متوقع ادائیگیوں سے نمٹنے میں مدد کر سکتا ہے۔

بجٹ بنانا واقعی اہم ہے - یہ آپ کے مالی معاملات کو کنٹرول کرنے کا پہلا مرحلہ ہے اوراس کی بدولت آپ کا مشیر آپ کے لیے بہترین طریقہ کار کا تعین کرتا ہے۔
آپ اپنے بجٹ کا اشتراک ان لوگوں کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں جن کے آپ مقروض ہیں۔ یہ اس بات کے اظہار کا ایک طریقہ ہے: "یہ وہ رقم ہے جو میں آپ کو ادا کرنے کا متحمل ہو سکتا ہوں۔"

# پھر، آپ ایسا بجٹ کیسے بنائیں گے جو آپ کی ضروریات کے مطابق ہو؟

1

## اپنی کُل ماہانہ آمدنی کا حساب لگائیں

اس میں وہ رقم شامل ہے جو آپ کو کسی بھی مراعات یا پنشن کے علاوہ اپنی ملازمت سے حاصل ہوتی ہے۔ اس کا حساب لگانے کے لیے، اپنی پوری سالانہ آمدنی کو شامل کریں اور اسے 12 سے تقسیم کریں۔

2

## ان تمام اخراجات کی فہرست بنائیں جو آپ ہر ماہ اٹھاتے ہیں

اس میں کرایہ، خوراک، کپڑے اور کریڈٹ کارڈ کے بلز جیسی بنیادی ضرورت کی چیزیں شامل ہوں گی۔ تاہم، آپ کو دوسری چیزیں جیسے ایندھن، MOT، کار انشورنس، اسٹریمنگ سروسز، یا جم کی ممبرشپس پر خرچ ہونے والی رقم کو بھی شامل کرنا چاہیے۔ اپنے تمام اخراجات کی واضح طور پر سمجھنے کے لیے اپنے ساتھ ایمان دار رہیں۔

3

## اپنی ماہانہ آمدنی سے اپنے ماہانہ اخراجات کی پوری رقم کاٹ لیں

یقینی بنائیں کہ آپ کی آمدنی میں تمام چیزیں شامل ہیں، چاہے وہ اجرتیں ہوں، مراعات ہوں یا پنشنز ہوں۔ اس سے آپ کو پتہ چل جائے گا کہ آیا آپ کی آمدن 'زیادہ' ہے یا 'محدود' ہے۔ زیادہ آمدن کا مطلب ہے کہ ہر مہینے کے آخر میں آپ کے پاس کچھ رقم بچ جاتی ہے۔ محدود آمدن سے مراد ہے کہ آپ کے ماہانہ اخراجات آپ کی آمدنی سے زیادہ ہیں۔

# بجٹ پلانر ایسا نظر آتا ہے:

| اگر آپ کی آمدنی بدل جاتی ہے، تو اوسط رقم درج کریں | ادائیگی رقم £ | کتنی مرتبہ؟ مثلاً ہفتہ وار، ماہانہ |
|---|---|---|
| **آمدن** | | |
| کمائیاں | | |
| دیگر کمائیاں | | |
| **بنیادی اخراجات** | | |
| خوراک کی خریداری | | |
| دیگراخراجات | | |
| **کُل (اخراجات کو منہا کر کے آمدنی** | | |

بجٹ پلانر کا ٹیمپلیٹ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے www.stepchange.org/scotland ملاحظہ کریں۔

## تجویز:

چونکہ آپ کے گھر کے زیادہ تر بلوں اور قرض کی ادائیگی ماہانہ کی جاتی ہے، اس لیے بہتر ہے کہ آپ اپنے بجٹ کے تمام اعداد و شمار کو کیلنڈر کی ماہانہ رقوم میں تبدیل کریں۔

ایسا کرنے کے لیے، ہفتہ وار اعداد کو 52 سے ضرب دیں اور پھر اسے 12 سے تقسیم کریں۔ اُس سے آپ کو اپنے بجٹ میں شامل کرنے کے لیے ماہانہ رقم معلوم ہوگی۔

# اپنی ترجیحات کا تعین کرنا

## جب کوئی مشیر آپ کے بجٹ میں آپ کی مدد کرتا ہے، تو وہ آپ کے اخراجات کو ترجیحی اور غیر ترجیحی بلوں میں تقسیم کرتا ہے۔

**غیر ترجیحی بل** زیادہ اہم نہیں ہوتے
کیونکہ ان کی ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں آپ کا گھر متاثر نہیں ہو سکتا۔

ان میں کریڈٹ کارڈز، قلیل مدتی یا 'ابھی خریدیں، بعد میں ادا کریں' قرضے، دوستوں یا خاندان کے کسی فرد سے لی گئی وہ رقم جو آپ پر واجب الاداء ہو، اور دیگر غیر محفوظ قرضے جیسی چیزیں شامل ہیں۔ آپ کے ترجیحی بلوں کا احاطہ کرنے کے بعد ہی ان کی ادائیگی کی جانی چاہیے۔

**ترجیحی بل** اہم ہیں، کیونکہ ان کی ادائیگی نہ کرنے سے:

- آپ کا گھر متاثر ہو سکتا ہے۔
- قانونی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔
- اضافی قرضوں کا سبب بن سکتا ہے۔

ترجیحی بلوں میں خوراک، توانائی کے اخراجات، کرایہ اور کاؤنسل ٹیکس جیسی چیزیں شامل ہیں۔ آپ کو پہلے ان کو ادا کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

## یہ آپ کی کس طرح مدد کر سکتا ہے

غیر ترجیحی بلوں کے لیے آپ جن لوگوں کے مقروض ہیں وہ آپ کو اپنے ترجیحی بلوں کی ادائیگی سے پہلے انہیں رقم واپس کرنے پر مجبور نہیں کر سکتے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کا بجٹ بہت اہم ہے۔ اس کا استعمال انہیں یہ دکھانے کے لیے کیا جا سکتا ہے کہ آپ فوری طور پر انہیں رقم واپس کرنے سے کیوں قاصر ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ کو کریڈٹ کارڈ کی ادائیگی کو خوراک کی خریداری پر فوقیت دینے کے لیے مجبور نہیں کیا جا سکتا۔
اگر آپ اس حوالے سے یقینی طور پر معلوم نہیں ہے کہ آپ کو کس کے پیسے واپس دینے ہیں، تو اس صورت میں آپ کی کریڈٹ رپورٹ کی کاپی مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔ آپ Equifax، TransUnion یا Experian کے

پیشکش کرتی ہیں تاکہ آپ اپنی کریڈٹ فائل تک آن لائن رسائی حاصل کر سکیں۔

ذریعے کریڈٹ رپورٹ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ ان میں سے بہت سی کمپنیاں ایک ماہ کے مفت ٹرائل کی

# اپنے پیسوں کا بہترین مصرف تلاش کرنا

آپ کے مالی وسائل کو بڑھانے کے لیے آپ کی مدد کی غرض سے، قرض کا مشیر ان طریقوں پر غور کرے گا جن سے آپ اپنے اخراجات کو کم کر سکتے ہیں اور اپنی آمدنی میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ ان کے کام کرنے کا طریقہ کار یہ ہے:

**پیسوں کی بچت کرنا:**
ہم میں سے اکثر لوگوں کو کسی موقع پر غیر متوقع اخراجات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اگر آپ کا بجٹ محدود ہے تو یہ زیادہ مشکل ہو سکتا ہے۔ یہ اخراجات لوگوں کو قرض کے بوجھ تلے دھکیل سکتے ہیں یا موجودہ قرض کے مسئلے کو مزید بدتر بنا سکتے ہیں۔

ایسی صورت حال میں جمع شدہ رقم مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔ کچھ ایسے طریقے موجود ہیں جن سے آپ کا مشیر آپ کو حال اور مستقبل میں پیسوں کی بچت کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔

ان طریقوں کی ایک بڑی فہرست تک رسائی حاصل کرنے کے لیے اس کوڈ کو اسکین کریں جن سے آپ بچت کر سکتے ہیں اور مزید پیسہ کما سکتے ہیں یا ملاحظہ کریں

www.stepchange.org/scotland-money

**تعاون برائے مراعات:**
بہت سے لوگ مالی مواقع سے محروم ہو جاتے ہیں کیونکہ انہیں لگتا ہے کہ وہ اس کے حق دار نہیں ہیں۔ مشیر ان سبھی مراعات کا دعویٰ کرنے کے سلسلے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے جن کے لیے آپ اہل ہوتے ہیں۔

**اخراجات میں کمی کرنا:**
یہ کچھ بھی ہو سکتا ہے، جیسے کہ توانائی فراہم کار کو تبدیل کرنا، یا محدود بجٹ میں اپنے خاندان کی خوراک کا بندوبست کرنے کا مشورہ۔ آپ کا قرض کا مشیر آپ کو یہ یقینی بنانے میں مدد کرے گا کہ آپ اپنی ضرورت سے زیادہ رقم خرچ نہیں کر رہے ہیں۔

# قرض چُکانے کے حل

اپنے قرضوں کی مشکلات سے نمٹنے کے بہت سے طریقے ہیں، لیکن ہو سکتا ہے وہ سب آپ کے لیے ٹھیک نہ ہوں۔ اس لیے آپ کے مشیر کو حل تجویز کرنے سے پہلے آپ کی صورت حال جاننے کی ضرورت ہو گی۔

قرض چُکانے کے حل کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اس کوڈ کو اسکین کریں۔

آپ کو ادائیگی کا پلان یا مالی عدم استحکام کا آپشن تجویز کیا جا سکتا ہے جو آپ کے قرضوں کا کچھ حصہ معاف کروا دیتا ہے۔ وہ آپ کے ساتھ کام کریں گے تاکہ آپ کو معمول کی زندگی پر واپس لانے کا بہترین طریقہ تلاش کیا جا سکے۔

StepChange سکاٹ لینڈ کا ایک انضباط یافتہ خیراتی ادارہ ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ہم قرض چُکانے کا جو حل تجویز کر رہے ہیں وہ آپ کے لیے موزوں ہو، ہم آپ کی فراہم کردہ
معلومات کی بنیاد پر مشورہ فراہم کرتے ہیں۔

# قرض چُکانے کے حل کی اقسام

قرض چُکانے کے حل کی عام طور پر تین اقسام ہوتی ہیں۔ قرض چُکانے کے حل کی مختلف اقسام کے بارے میں کچھ معلومات درج ذیل ہیں۔

## 1. آپ کے قرضوں کی ادائیگی کرنا

قرض چُکانے کے اس حل کے ساتھ آپ اپنا قرض اس طریقے سے ادا کر سکتے ہیں جو آپ کے لیے بہترین ہو۔ عام طور پر، اس میں ادائیگی کا پلان ترتیب دینا شامل ہوتا ہے جو آپ کی مالی صورت حال پر مبنی ہوتا ہے۔

# قرضوں کے بندوبست کی اسکیم (DAS)

قرضوں کے بندوبست کی اسکیم (DAS) کے تحت، آپ قرض کی ادائیگی کے پروگرام (DPP) کے لیے درخواست دے سکتے ہیں تاکہ ایک معقول مدت تک آپ قرض کی مکمل ادائیگی کر سکیں۔

آپ اپنے قرضوں کے لیے ہر ماہ ایک قابل برداشت ادائیگی کر کے ایسا کرتے ہیں۔ اس ماہانہ ادائیگی کا اشتراک پھر ان لوگوں کے مابین کیا جاتا ہے جن کے آپ مقروض ہوتے ہیں۔

آپ عام طور پر عدالت کی نافذ کردہ کارروائی سے محفوظ رہتے ہیں۔ مزید براں، جب آپ اپنی ادائیگی کر رہے ہوتے ہیں، تو آپ کے قرضوں پر کوئی بھی سود یا دیگر چارجز عارضی طور پر روک دیے جاتے ہیں۔

ایک DPP چھ سال تک آپ کی کریڈٹ فائل پر ظاہر ہو گا، اور آپ کی تفصیلات DAS کے آن لائن رجسٹر پر برقرار رہیں گی۔ تاہم یہ آپ کی زیرِ ملکیت چیزوں پر اثر انداز **نہیں** ہو گا، جیسے آپ کا گھر یا کار۔

آپ کوئی فیس ادا نہیں کرتے، کیونکہ یہ آپ کی ماہانہ ادائیگی سے ادا کی جاتی ہیں۔



اگر آپ کے حالات میں بدلاؤ آتا ہے، تو آپ اس بارے میں اپنے قرض کے مشیر کو بتا سکتے ہیں۔ پھر آپ کی ادائیگی کا جائزہ لیا جا سکتا ہے، یا عارضی طور پر روکا جا سکتا ہے۔ اور اگر آپ کی آمدن زیادہ ہو جاتی ہے، تو آپ اپنی ادائیگیوں میں اضافہ کر سکتے ہیں تاکہ آپ پر جو واجب الادا رقم ہے اسے جلد واپس کر سکیں۔

# قرضوں کے انتظام کا منصوبہ (DMP)

جو آپ پر واجب الاداء ہے۔

تاہم، DAS کی نسبت DMP کے ساتھ آپ کو کم تحفظ حاصل ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ جن لوگوں کے مقروض ہیں وہ آپ کے قرض کو وصول کرنے والی ایجنسی کو تفویض کر سکتے ہیں یا آپ کے خلاف عدالتی کارروائی کا آغاز کر سکتے ہیں۔

**ہم DMP کے لیے کوئی فیس وصول نہیں کرتے۔ لیکن کچھ تنظیمیں ایسا کر سکتی ہیں، لہٰذا ترتیب دینے سے پہلے ہمیشہ چیک کریں۔**

قرضوں کے انتظام کا منصوبہ (DMP) آپ کو ایک توسیعی مدت کے دوران اپنے قرضوں کی مکمل ادائیگی کا موقع فراہم کرتا ہے۔ ماہانہ ادائیگیوں کا تعین اس بات کا اندازہ لگا کر کیا جاتا ہے کہ آپ اپنے بجٹ کے مطابق کتنی رقم واپس کرنے کے متحمل ہو سکتے ہیں۔ سود اور دیگر چارجز عارضی طور پر روک دیے جا سکتے ہیں۔

اگر آپ کے حالات تبدیل ہوتے ہیں تو DMP بدل سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر ایک ماہ آپ کی آمدن کم ہوتی ہے، تو آپ کی ادائیگی کو تبدیل کیا جا سکتا ہے تاکہ آپ اپنے رہن سہن کے اخراجات کو پورا کر سکیں۔
اگر آپ کی آمدن زیادہ ہو جاتی ہے، تو آپ اپنی ادائیگیوں کو تبدیل کر سکتے ہیں تاکہ آپ وہ رقم جلدی لوٹا سکیں

# مورگیج کے حوالے سے مشورہ یا ایکویٹی ریلیز

اگرچہ کچھ لوگوں کے لیے ایکویٹی ریلیز ایک اچھا اختیار ہوتا ہے، لیکن اس کے کچھ طویل مدتی اثرات ہوتے ہیں۔ یہ آپ کے قرضوں کی لاگت کو بڑھا سکتا ہے، آپ کی مراعات کی تعداد کو متاثر کر سکتا ہے جن کا آپ دعویٰ کر سکتے ہیں، اور میراث کی اس رقم پر اثر انداز ہو سکتا ہے جس کی آپ وصیت کرتے ہیں۔ یہ جاننا بھی ضروری

اگر آپ گھر کے مالک ہیں اور آپ کی عمر 55 سال سے زیادہ ہے، تو آپ اپنے قرضوں سے نمٹنے میں مدد کے لیے اپنے گھر میں موجود ایکویٹی کا استعمال کر سکتے ہیں۔ کسی بھی بقایا مورگیج یا قرضوں کی ادائیگی کے بعد آپ کے گھر کی جو قیمت بچ جاتی ہے اسے ایکویٹی کہتے ہیں۔

ہے کہ اگر آپ ادائیگیوں کو برقرار نہیں رکھتے تو قرض دہندہ آپ کے گھر پر دوبارہ قبضہ جما سکتا ہے یا اسے چھین سکتا ہے۔

اگر آپ کا گھر آپ کی زیرِ ملکیت ہے، اور آپ پیسے کے حوالے سے فکر مند ہیں، تو ہم آپ کے اختیارات کو دریافت کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ کوڈ کو اسکین کریں یا ملاحظہ کریں
www.stepchange.org/homeowners

# 2. اپنے کچھ یا تمام قرضوں کو معاف کروانا

**اگر آپ کا بجٹ یہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ واجب الادا رقم کو مناسب وقت میں واپس نہیں کر سکتے، تو آپ کا مشیر مالی عدم استحکام کا مشورہ دے سکتا ہے۔ یہ ایک قانونی طریقہ کار ہے جو آپ کے کچھ یا تمام قرضوں کو معاف کروانے میں مددگار ہوتا ہے۔**

مالی عدم استحکام ایک بڑا فیصلہ ہے۔ یہ کچھ سالوں کے لیے مزید کریڈٹ حاصل کرنے کی آپ کی صلاحیت کو متاثر کرے گا، اور اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ آپ ایسی ملازمتیں نہیں کر سکتے یا ایسے عہدے نہیں رکھ سکتے جہاں آپ دوسرے لوگوں کے پیسوں کے انچارج ہوں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو احتیاط سے غور کرنا چاہیے کہ آیا یہ آپ کے لیے صحیح فیصلہ ہے۔

## دیوالیہ پن

وہ لوگ جو مقروض ہیں لیکن پیسوں کی ادائیگی کرنے سے قاصر ہیں وہ مالی عدم استحکام کے اس زمرے میں آتے ہیں۔ دیوالیہ پن کے لیے از خود

یہ بہت اہم ہے کہ آپ فیصلہ کرنے سے پہلے اس چیز کو سمجھ لیں کہ دیوالیہ پن آپ کو کس طرح متاثر کرے گا۔

کچھ ایسی ملازمتیں ہیں جو آپ دیوالیہ ہونے کے دوران حاصل نہیں کر سکتے، یعنی کہ آپ اپنی ملازمت سے بھی محروم ہو سکتے ہیں۔ آپ کا بینک آپ کے اکاؤنٹس کو بند یا منجمد بھی کر سکتا ہے۔ آپ کو کسی دوسرے فراہم کار کے ساتھ اکاؤنٹ کھولنے کی ضرورت ہو گی، اور یہ صرف ایک بنیادی بینک اکاؤنٹ ہو سکتا ہے۔ نیز، کچھ نجی مالک مکان دیوالیہ ہونے والے لوگوں کو نکال سکتے ہیں یا ان کے معاہدوں کی تجدید نہیں بھی کر سکتے۔

درخواست دینے کے لیے، آپ کو اپنی مدد کے لیے پیسوں کے مشیر یا مالی عدم استحکام کے ماہر کی ضرورت ہو گی۔ جن لوگوں کے آپ مقروض ہیں وہ بھی عدالتوں کے ذریعے آپ کو دیوالیہ بنانے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ لیکن وہ عام طور پر اپنے پیسے واپس حاصل کرنے کے لیے پہلے دوسرے طریقے تلاش کرتے ہیں۔

اگرچہ دیوالیہ پن آپ کے قرضوں سے نمٹنے کا ایک طریقہ ہے، لیکن یہ ایک سنگین فیصلہ ہے۔ دیوالیہ پن آپ کے قرضوں کے ایک اہم حصے کو ختم کرنے میں مددگار ہوتا ہے اور آپ کو ایک نئی مالی شروعات کا موقع فراہم کرتا ہے۔ لیکن کچھ قرضے معاف نہیں کروائے جا سکتے، جیسے طلباء کے قرضے اور عدالتی جرمانے۔ دیوالیہ ہونے سے چھ سال تک آپ کی کریڈٹ فائل متاثر ہو گی، اور آپ کی تفصیلات عوامی رجسٹر میں شامل کر دی جائیں گی۔



# اسکاٹ لینڈ میں دیوالیہ پن کی دو اقسام ہیں:

## 1. کم سے کم اثاثہ جاتی عمل کے تحت دیوالیہ پن (MAP)

کم آمدنی والے اور کم سے کم قرض والے افراد کے لیے، اس قسم کے دیوالیہ پن سے وابستہ کسی قسم کی فیس کی ادائیگی کی ضرورت نہیں ہے۔ MAP دیوالیہ پن کے لیے درخواست دینے کے لیے آپ کو ان تمام شرائط کو پورا کرنا ہو گا:*

- آپ کا اسکاٹ لینڈ کا رہائشی ہونا ضروری ہے، یا آپ پچھلے 12 ماہ اسکاٹ لینڈ میں رہ چکے ہوں۔
- آپ کے قرضے £25,000 سے کم ہوں۔
- آپ کی گاڑی کی مالیت £3,000 یا اس سے کم ہو اور آپ اس کے بغیر گزارہ نہ کر سکتے ہوں۔*
- آپ کے دیگر اثاثے مجموعی طور پر £2,000 سے کم مالیت کے ہوں، اور ایک بھی شے کی قیمت £1,000 سے زیادہ نہ ہو۔*
- آپ نہ تو کسی گھر کے مالک ہوں اور نہ کوئی ذاتی زمین ہو۔
- آپ نے پچھلے پانچ سالوں کے دوران دیوالیہ پن کا سامنا نہ کیا ہو۔
- اپنے بنیادی اخراجات کی ادائیگی کے بعد، یا تو آپ کے پاس ہر ماہ کوئی رقم باقی نہ رہتی ہو یا آپ کی آمدنی مکمل طور پر آپ کی ملازمت کے فوائد پر مشتمل ہوتی ہو، جیسے یونیورسل کریڈٹ۔

*یہ شرائط تبدیل ہو سکتی ہیں۔ مزید جاننے کے لیے قرض کے حوالے سے مفت مشورہ دینے والے سے رابطہ کریں۔

## FAB دیوالیہ پن کے متعلق اہم معلومات:

• آپ کو دیوالیہ پن کے اکاؤنٹنٹ (جو اسکاٹ لینڈ میں تمام دیوالیہ پن کی نگرانی اور ان کا انتظام کرتا ہے) کو £150 کی پیشگی فیس ادا کرنے کی ضرورت ہو گی۔ اگر آپ کو کچھ مراعات ملتی ہیں تو آپ کو اس کی ادائیگی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

• اگر آپ اثاثوں کے مالک ہیں، تو انہیں آپ کے قرضوں کی ادائیگی کے لیے فروخت کیا جا سکتا ہے۔ اس میں آپ کا گھر شامل ہے۔ اگر آپ کے پاس کوئی گاڑی ہے جس کی آپ کو ضرورت ہے اور جس کی مالیت £3,000 یا اس سے کم ہے، تو اسے عام طور پر فروخت نہیں کیا جائے گا۔ *

• اگر آپ کا بجٹ ظاہر کرتا ہے کہ آپ کے پاس ہر ماہ بنیادی اخراجات کی ادائیگی کے بعد رقم باقی بچتی ہے،
تو آپ کو یہ رقم اپنے دیوالیہ ہونے کی صورت میں چار سال تک کے لیے ادا کرنے کی ضرورت ہو گی۔

## 2. مکمل انتظامیہ کے تحت دیوالیہ پن (FAB)

اگر آپ ان شرائط کو پورا کرتے ہیں تو آپ FAB دیوالیہ پن کے لیے درخواست دے سکتے ہیں: *

• آپ پر کم از کم £ 3,000 واجب الاداء ہوں۔
• آپ کا اسکاٹ لینڈ کا رہائشی ہونا ضروری ہے، یا آپ پچھلے 12 ماہ اسکاٹ لینڈ میں رہ چکے ہوں۔
• آپ نے پچھلے پانچ سالوں کے دوران دیوالیہ پن کا سامنا نہ کیا ہو۔

*یہ شرائط تبدیل ہو سکتی ہیں۔ مزید جاننے کے لیے قرض کے حوالے سے مفت مشورہ دینے والے سے رابطہ کریں۔

# تحریری امانت نامہ



اگر آپ کے قرضوں کی ادائیگی کے لیے ایک طویل مدت درکار ہو گی، تو اس صورت میں تحریری امانت نامہ آپ کے قرضوں سے نمٹنے کا ایک اچھا طریقہ ہو سکتا ہے۔ یہ آپ کے قرضوں کے ایک بڑے حصے کو ختم کرنے میں مددگار ہو گا اور آپ کو ایک نئی مالی شروعات کا موقع فراہم کرے گا۔ لیکن کچھ قرضے معاف نہیں کروائے جا سکتے، جیسے طلباء کے قرضے اور عدالتی جرمانے۔

تحریری امانت نامے سے چھ سال تک آپ کی کریڈٹ فائل متاثر ہو گی، اور آپ کی تفصیلات عوامی رجسٹر میں شامل کر دی جائیں گی۔

اس قسم کا مالی عدم استحکام آپ کے لیے اس صورت میں صحیح ہو سکتا ہے جب آپ قرض کی مکمل ادائیگی کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ اہل ہونے کے لیے آپ کو ان شرائط کو پورا کرنا ہو گا:

- آپسکاٹ لینڈ میں رہائش پذیر ہوں۔
- آپ پر کم از کم £5,000 واجب الاداء ہوں۔
- مراعات آپ کی آمدنی کا واحد ذریعہ نہ ہوں۔
- آپ پہلے سے دیوالیہ نہیں ہو سکتے۔

واجب الادا قرض کی مکمل ادائیگی کے بجائے، ایک مالی عدم استحکام کا ماہر ان لوگوں کے لیے ایک تجویز تیار کرتا ہے جن کے آپ مقروض ہوتے ہیں۔ آپ کے بجٹ کی بنیاد پر، یہ تجویز اس بات کی نشان دہی کرے گی کہ آپ ہر ماہ کتنی رقم ادا کر سکتے ہیں۔

آپ کو عام طور پر کم از کم چار سال کے لیے ادائیگیاں کرنی ہوں گی۔ آپ جن لوگوں کے مقروض ہیں انہیں آپ کی تجویز سے اتفاق کرنا ہو گا۔ ان کے اخراجات کو منہا کرنے کے بعد، آپ کا مالی عدم استحکام کا ماہر ان کے ساتھ ان معلومات کا اشتراک کرے گا، جو آپ اسے ماہانہ بنیادوں پر ادا کریں گے۔

## مکمل اور حتمی تصفیہ

حاصل کر سکتے ہیں۔ جب آپ جزوی ادائیگی کرتے ہیں اور باقی قرض معاف کر دیا جاتا ہے، تو اسے مکمل اور حتمی تصفیہ کہا جاتا ہے۔
یہ ادائیگیاں بعض اوقات کئی مہینوں میں کی جا سکتی ہیں۔ اس کے لیے عام طور پر کوئی فیس عائد نہیں ہوتی۔

اگر آپ کے پاس کُل رقم دستیاب ہے، تو آپ اسے اپنے قرضوں کا مکمل اور حتمی تصفیہ پیش کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ ان لوگوں سے پوچھ سکتے ہیں جن کے آپ مقروض ہوتے ہیں کہ آیا وہ اس سے اتفاق کریں گے، یا فریق ثالث فراہم کار، جیسے StepChange کی خدمت

# 3. قلیل مدتی حل

### اگر آپ کو ابھی مشکلات درپیش ہیں لیکن مستقبل قریب میں اس میں تبدیلی آنے کا امکان ہے، تو آپ کا مشیر آپ کی مدد کے لیے ایک قلیل مدتی حل تجویز کر سکتا ہے۔

تاکہ وہ جان سکیں کہ آپ اس وقت پوری ادائیگی نہیں کر سکتے۔

اگرچہ قلیل مدتی حل آپ کے قرضوں کو ادا نہیں کریں گے، لیکن وہ آپ کو واپس معمول پر آنے کے لیے کچھ وقت فراہم کریں گے۔

اس میں ان لوگوں کے نام درخواست شامل ہو سکتی ہے کہ وہ ایک مقررہ مدت تک ادائیگیوں کی وصولی کو معطل کر دیں جن کے آپ مقروض ہوتے ہیں۔ یا آپ ان سے یہ درخواست کر سکتے ہیں کہ آپ کے حالات میں تبدیلی آنے تک کم ادائیگی قبول کریں۔ آپ ان سے براہ راست یا فریق ثالث فراہم کار جیسے StepChange کے ذریعے پوچھ سکتے ہیں۔
کافی لوگ اسے قبول کریں گے، لیکن اگر آپ نے رض کے حوالے سے مشورہ لیا ہو تو یہ فائدہ مند ہو سکتا ہے۔ وہ بجٹ دیکھنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں

# مدد کی دیگر اقسام

بعض اوقات، قرض مسئلے کا صرف ایک پہلو ہو سکتا ہے۔ ذیل میں کچھ دوسری تنظیمیں ہیں جو ہم تجویز کرتے ہیں:

moneyadvicescotland
Scotland's Money Charity

www.moneyadvicescotland.org.uk

SAMH
Scottish Action for Mental Health

www.samh.org.uk

SHELTER SCOTLAND

https://scotland.shelter.org.uk

citizens advice scotland

www.cas.org.uk

MACMILLAN CANCER SUPPORT

www.macmillan.org.uk

christians against poverty
CAP

www.capscotland.org

یہ گائیڈ پولش، پنجابی اور اردو میں، اور ایک ویڈیو کے طور پر بھی
دستیاب ہے۔ ان تک رسائی حاصل کرنے کے لیے
www.stepchange.org/scotland ملاحظہ کریں

ہم نے یہ گائیڈ سکاٹش حکومت
کے تعاون سے تیار کی ہے۔

10 YEARS of proven Trusted Service 2024 feefo

Scottish Government

StepChange Debt Charity Scotland نمبر 1016630 اور SC046263 کے تحت ایک رجسٹر شدہ خیراتی ادارہ ہے، جو فنانشل کنڈکٹ اتھارٹی کی جانب سے مجاز اور انضباط یافتہ ہے۔ StepChange Financial Solutions کنزیومر کریڈٹ کاؤنسلنگ سروس (ایکویٹی ریلیز) لمیٹڈ کا ایک رجسٹر شدہ تجارتی نام ہے جو فنانشل کنڈکٹ اتھارٹی کی جانب سے مجاز اور انضباط یافتہ ہے۔